© rasailojaraid.com



کرنا چاہیں مراسلہ نگار سے رابطہ قائم کریں ۔

قادیان سے اسرائیل تک | آپ کی شائع کردہ یہ کتاب قادیانیوں پر ایٹم بم کی حیثیت رکھتی ہے ۔ اگر آپ اسے صدیقی ٹرسٹ نسیم پلازا کراچی کو دے دیں اور وہ اسے اپنے طور پر شائع کر کے مفت تقسیم کر سکیں تو بہت مفید رہے گا ۔

مہر حسین بخاری ۔ بیت التوحید ۔ کامرہ کلاں ۔ ضلع اٹک

★ الحق :۔ صدیقی ٹرسٹ کی خدمات نہایت قابل تحسین ہیں ۔ اگر وہ یا کوئی بھی ادارہ اس کتاب کو مؤتمر دار المصنفین کے ذکر کے ساتھ اپنے ادارہ کی طرف سے شائع کر سکے تو سر آنکھوں پر، مؤتمر کا مقصد تبلیغ و اشاعت ہے نہ کہ کوئی تجارت یا کاروبار ۔

وفاقی شوریٰ میں شامل علماء کرام کے نام | کسی کتاب میں ذیل کے دو شعر دیکھے آپ اور آپ جیسے چند جید علماء کے شوریٰ میں پہنچنے پر جمہوریت کے پجاریوں نے جو بے جا طومار کھڑا کر دیا ہے اس کی وجہ سے دل چاہتا ہے کہ یہ رباعی شاعر سے مستعار لے کر آپ کی نذر کر دوں ۔ بلکہ الحق کی وساطت سے شوریٰ میں نامزد ہونے والے تمام علمائے کرام کی خدمت میں پیش کر دوں ؎

حسن حق کہنے میں ہے حسن بیاں ہو یا نہ ہو — حق کو پوشیدہ نہ رکھ تیرا زباں ہو یا نہ ہو
اس طرف چل جس طرف ہو راہنما تیرا ضمیر — بیشک اس رہ میں ہجوم رہرواں ہو یا نہ ہو

بالخصوص آپ کی شورائی مصروفیات تو بے حد باعث مسرت ہیں بجٹ کی تقریر نہایت دلچسپ اور تاریخی ہے حضرت شیخ مدظلہ کے بارہ میں بندہ کی مدحیہ کلام میں سے ایک شعر آپ کے لئے مستعار لیتا ہوں ؎

سمیع الحق تو اب تک تھا منبر و محراب میں — اب گرج ہو گی تیری آئین کے ابواب میں

قاضی عبدالحلیم مدرسہ نجم المدارس کلاچی ۔ ڈیرہ اسماعیل خان

تحفہ دعا و تبریک |

مژدہ خوش باد صبا آورد — کہ بر بود از دل افکار گرد
محترمی عزیزی حق شنوا اندر — بہ نکتہائے دین نبیؐ در شدہ
یافت بر حسودان دین سبق — پر واز یافت باطل آمد حق
در کونسل ہائے مشورہ شد ممبر — دار ویزدان او را بر ہمہ بر (آمین)
ایں عہدہ عمدہ بر ہمہ احباب[1] — خصوصاً بر آفتاب[2] عالمتاب

---

[1] استاذان و طلبہ و فاضلان حقانیہ و وفاداران جمعیۃ علماء اسلام [2] شیخ الحدیث دارالعلوم حقانیہ مدظلہ اللہ تعالیٰ ظلہ العالی



© rasailojaraid.com